Okadia Accounting

SERVICE

PROVIDING:

- Accounting Service
- Full Set of Books
- Income Tax
- Trial Balance
- Financial Statements

by Professional Accountant

CALL: Mr. Abid Okadia BUS. 752-6090 RES. 423-2539

1871-A LAWRENCE AVE. E. Second floor

MESSENGER

پیغامبر

جلد ۳ — شمارہ ۶

صدر ضیا مشترکہ دفاع کی تجویز پیش کرینگے

گیارھویں کانفرنس کا ایجنڈا ۹۴ نکات پر شامل ہوگا

افغانستان اور ایران کے مسائل کانفرنس پر حاوی رہیں گے

لیبیا سے بیس امریکیوں کو نکال دیا گیا

اسلام آباد میں لیبیا کے سفارت خانہ پر طلبا نے قبضہ کرلیا

جمہوری عوامی بیورو کے نظم و نسق کے لئے ۵ رکنی کمیٹی مقرر کردی گئی

لیبیا کے سفارتخانہ پر قبضہ

یوگنڈا میں فوجی کمیشن نے اقتدار سنبھال لیا

تین روزہ کشمکش کے بعد صدر بنائسا اقتدار سے محروم ہوگئے

شرعی قوانین کے نفاذ سے جرائم میں ۲۰ فیصد کمی آگئی ہے

افغانستان کے فٹ بال کھلاڑی

کیا آپ نے
حال میں مخصوص کنیڈین
کو دیکھا ہے؟

آئینہ میں
اپنی شکل دیکھئے۔

Multiculturalism/The Canadian Experience.

Honourable Jim Fleming
Minister of State
Multiculturalism

L'honourable Jim Fleming
Ministre d'État
Multiculturalisme

Canada

THE MESSENGER
پیغام بشر
سرپرست (...)

پبلشر و ایڈیٹر: سہیل اختر
معاون: حسنین اختر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جہاں بھی میری ضرورت ہے لیکن
کسی جمشید کا ساغر نہیں ہیں

ہم
اسد الدین خواجہ
پر
گوروں کے تعصباتی حملے
کی
شدید مذمت کرتے ہوئے
پُرزور
احتجاج کرتے ہیں

مشعلِ ہدایت

حضرت جعفر صادقؑ

آپ ۸۰ھ مطابق ۶۹۹ء میں مدینہ میں پیدا ہوئے امام باقر کے بیٹے اور چھٹے امام ہیں۔ آپ حدیث اور فقہ میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ نہایت جری اور نڈر تھے۔ ۱۴۸ھ مطابق ۷۶۵ء میں انتقال ہوا۔

توبہ کرنا آسان ہے لیکن گناہ چھوڑنا مشکل۔

گناہ پر اصرار، انسان کی ہلاکت کا موجب ہے۔

دوسروں کے مال کا لالچ نہ کرنا ہی داخلی سخاوت ہے۔

دل کی آنکھ عبادت سے کھلتی ہے اس کی رسائی لامکاں تک ہے اور کائنات کا کوئی راز اس سے چھپا نہیں

انسان کے پاس ایک ایسی قوت بھی ہے جو مستقبل میں جھانک سکتی ہے یہ اس وقت بیدار ہوتی ہے جب حواس خمسہ سو رہے ہوں اور دماغ مشاہدات سے آزاد ہو

تغیر اساس کائنات ہے پانی کہیں سحاب بن رہا ہے کہیں موتی اور کہیں آنسو۔ نور ظلمت میں بدل رہا ہے اور ظلمت نور میں

انسان اعمال میں آزاد تو ہے لیکن اس کی آزادی لامحدود نہیں اس لئے کہ اس کے اختیار میں کچھ شائبہ جبر بھی ہے

جو اللہ سے انس رکھتا ہے اس کو لوگوں سے وحشت ہوتی ہے۔

بے حد اعتقاد بربادی اور نکتہ چینی بدنصیبی ہے

انتقام کی قدرت رکھتے ہوئے غصہ کو پی جانا افضل ترین جہاد ہے۔

ابتلاء ایک شرف ہے اسی لئے خاصانِ حق اس میں مبتلا کئے جاتے ہیں۔

نفس اللہ کا مخالف ہے اور نفس کی مخالفت خدا کی دوستی ہے۔

حقیقی تقویٰ یہ ہے کہ جو کچھ تیرے دل کے اندر ہے اگر تو اس کو ایک کھلے طباق میں رکھ کر بازار کا گشت لگائے تو اس میں ایک چیز بھی ایسی نہ ہو جس کو اس طرح آشکار کرنے میں تجھے شرم آئے۔

لوگوں نے ایک عالم سے پوچھا: "بادشاہ تمہیں دعوت کیوں نہیں دیتا؟"
عالم نے جواب دیا: "بادشاہوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے سے بڑوں کو دعوت نہیں دیتے"

سچی باتیں

زمین گول ہو یا چپٹی اس سے آپ کی زندگی پر اثر کیا ہوا؟ زمین گھومتی ہو یا ساکن اس سے آپ کی عملی ضرورت کون سی اٹکی ہوئی ہے؟ آفتاب کا چاند سے فاصلہ اتنا ہو یا اتنا، آپ کی معاشری اخلاقی، روحانی زندگی کو اس سے واسطہ کیا! — سوچ کر دیکھئے تو کتنے غیر اہم، غیر ضروری اور آپ کے لیے لاحاصل ہیں یہ بڑے بڑے سائنسی انکشافات! — آپ اپنی زندگی بھر اس قسم کا کوئی انکشاف نہ کر سکے تو اس میں حسرت کی کون سی بات ہے؟ اسے آپ اپنی کم نصیبی کسی درجہ میں کیوں سمجھتے ہیں؟ اس سے آپ میں کمی کون سی رہ جاتی ہے؟ کائنات اخباری کے نازک سے نازک حقائق بھی اگر آپ کے لیے نامعلوم رہ گئے تو اس سے آپ کی انسانیت کی تکمیل میں کون سی کسر رہ گئی؟ کوئی بھی نہیں — اہم ترین انکشاف کرنے کا اگر حوصلہ ہو تو نگاہ کو باہر کی طرف پھینکنے کے بجائے اندر کی طرف کر دیجئے!

چاند سورج کی گردشوں کو جانئے یا نہ جانئے، سیاروں کی حرکت کا علم رکھئے یا نہ رکھئے، بہرحال آپ کو جاننے اور بہر ضرورت اپنے آپ کو پہچانئے۔ غور اپنی حقیقت پر کیجئے اور معرفت اپنے آپ کی حاصل کیجئے۔ کھوج اس کا لگائیے کہ سب سے بڑا دشمن آپ کا کون ہے؟ یقیناً اپنا نفس ہی نظر آئے گا۔ غصہ اور بے جا غصہ آپ کو کون دلاتا ہے؟ غیبتوں پر، بد گوئی پر، بد بانی پر کون اکساتا ہے؟ طاعت سے جی چرانے پر کون لاتا ہے؟ فسق و معصیت کی ترغیب کون دلاتا ہے؟ رشک، حرص، بخل، حسد و عناد کا [illegible] کون ہر بار کرتا ہے؟ سب سوالوں کا جواب ایک [illegible] نفس ہے جب اس حقیقت کو آپ جان گئے تو دنیا میں سب سے بڑی حقیقت کو آپ جان گئے اور اب ان تفصیلات کی طرف توجہ ہو جائے گی کہ نفس کن کن تدبیروں سے [illegible] رشک، حسد، بغض [illegible] اسباب [illegible] کے محرکات کیا ہوتے ہیں؟ طاعت کی یاد [illegible] جب آنے لگے [illegible] — جس وقت ان حقائق کا انکشاف ہو گیا آپ [illegible] کشف سے بڑھ گئے [illegible] ان پر رشک کی ضرورت نہ رہی۔ اس لیے وہ آپ [illegible] — عرفان نفس کی دولت کے آگے [illegible] معارف و حقائق کا انکشاف ہیچ ہو!

[illegible] کھلاڑیوں کی نمازِ جمعہ

[illegible] گزشتہ ٹیسٹ میچ کے سلسلے میں [illegible] کھلاڑیوں نے نماز جمعہ [illegible] پاکستان کی ٹیم اور ہندوستان کی [illegible] دن بھی کھیل جاری ہوتا تھا۔

[illegible]

کراچی کے ممتاز صحافی حامد زبیری کے صاحبزادے جمیل زبیری کی پچھلے دنوں کراچی میں روزنامہ ڈان کے سابق ایڈیٹر مرحوم الطاف حسین کی پوتی [illegible] زبیر سے شادی ہوئی جمیل زبیری لندن میں ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرم سے منسلک ہیں۔

صدر سادات وزارتِ عظمیٰ کا بھی عہدہ سنبھال لیں گے

نئی کابینہ کا اعلان آج کر دیا جائے گا

قاہرہ (رائٹر) مصر کے دو سرکاری اخبارات نے آج یہ اشارہ دیا ہے کہ صدر انور سادات وزارت عظمیٰ کا عہدہ بھی سنبھال لیں گے تاکہ وہ اہم سیاسی و اقتصادی تبدیلیاں لا سکیں۔ کثیر الاشاعت روزنامہ الاخبار کے اداریہ میں کہا گیا ہے کہ جس طرح ۱۹۷۳ء کی جنگ میں فیصلہ کیا گیا تھا اسی طرح صدر نے داخلی امور کی ذمہ داری بھی لینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ وہ اپنے پروگراموں کو صحیح طور پر عمل جامہ پہنا سکیں۔ نیم سرکاری اخبار "الاہرام" نے صفحہ اول پر شائع ہونے والے خصوصی کالم میں کہا ہے کہ ماضی میں صدر سادات کی قیادت میں مصر نے کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں اور لوگوں کو اعتماد ہے کہ ان کی قیادت میں ملک نئی منزل کی جانب بڑھے گا۔ گزشتہ روز مسٹر ممدوح سالم نے وزارت عظمیٰ سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ الاہرام نے لکھا ہے کہ نئی کابینہ کا اعلان بدھ کے روز کیا جائے گا اور وزرا اگلے روز حلف اٹھائیں گے۔

نیپال کے عوام کی اکثریت پنچایتی نظام کی حامی ہے

کھٹمنڈو (رائٹر) نیپال کے ۵۵ فیصد ووٹروں کی رائے ہے کہ ملک میں ۱۹۶۰ء سے نافذ العمل پنچایتی نظام حکومت رائج رہنے دیا جائے اور سیاسی پارٹیوں پر پابندی برقرار رکھی جائے۔ نیپال کی نیوز ایجنسی کے مطابق ہونے والے ریفرنڈم میں لوگوں سے پوچھا گیا تھا کہ وہ پنچایتی نظام کو جاری رکھنے کے حق میں ہیں یا سیاسی پارٹیوں پر مشتمل جمہوری نظام چاہتے ہیں۔ اب تک ۷۰ فیصد حلقوں کے نتائج سامنے آئے ہیں۔ ریفرنڈم میں ۴۰ لاکھ ووٹروں میں سے ۶۶ فیصد نے رائے دی تھی۔

امتیاز احمد کو گرانٹ کمیشن کی سلیکشن کمیٹی سے سبکدوش کر دیا گیا

کراچی ——— قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان امتیاز احمد کو یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کی کرکٹ سلیکشن کمیٹی کے چیئرمین کے عہدہ سے الگ کر دیا گیا ہے اور ان کی جگہ سابق ٹیسٹ کرکٹر نسیم الغنی کو چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ امتیاز احمد کی جگہ نسیم الغنی کو چیئرمین مقرر کرنے کا اعلان گرانٹ کمیشن یونیورسٹی کی ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن صوفیہ [illegible] نے انٹر یونیورسٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں پنجاب یونیورسٹی کی کامیابی کے اعلان کے بعد کیا۔ فائنل میچ میں پنجاب اور کراچی یونیورسٹی کی ٹیموں کے درمیان مقابلہ کا حتمی فیصلہ نہیں ہو سکا تھا اس لئے دونوں ٹیموں کے پہلی اننگز کے سکور کی بنیاد پر پنجاب یونیورسٹی کو چیمپئن قرار دے دیا گیا۔ صوفیہ [illegible] نے ایک نئی سلیکشن کمیٹی بھی قائم کی ہے جس کے تمام ارکان کراچی کے رہنے والے ہیں۔ پاکستان ریلوے کے خواجہ اسلم جو سابقہ سلیکشن کمیٹی میں شامل تھے ان کو بھی نئی سلیکشن کمیٹی میں شامل نہیں کیا گیا۔ نئی سلیکشن کمیٹی کے باقی ارکان یہ ہیں۔ غفار علی خان، آصف احمد، ریاض محمد، [illegible] سعید کراچی یونیورسٹی کے سابق ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن اور موجودہ ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن شامل ہیں۔ امتیاز احمد کی علیحدگی کی کوئی وضاحت نہیں کی گئی۔

تیل کے چشموں کو بھک سے اڑا دیا جائے گا

امریکہ کو یاسر عرفات کی وارننگ

کویت (رائٹر) فلسطین کی تنظیم آزادی پی ایل او کے سربراہ یاسر عرفات نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکہ نے [illegible]

[illegible]

پاکستان کے لئے موزوں نظام حکومت کی تلاش

اسلام آباد — (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر کی یونیورسٹیوں کے ۲۵ نامور پروفیسروں اور ماہرین سے کہا گیا ہے کہ وہ پاکستان کے لئے مستقل آئینی نظام حکومت موزوں ہو گا؟ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے زیر اہتمام ... گزشتہ ماہ منعقدہ سیمینار کی طرف سے مرتب کردہ سفارشات کی روشنی میں کیا جا رہا ہے۔ اس سیمینار میں تاریخ، سیاسیات اور دیگر شعبوں کے پروفیسر صاحبان نے شرکت کی تھی۔ انہوں نے حکومت کو سفارش کی تھی کہ یہ رپورٹ مزید مطالعہ کے لئے ۲۵ نامور پروفیسروں کو بھیج دی گئی ہے۔ ملک کی تمام یونیورسٹیوں کے ۲۵ پروفیسروں کے ... ۲۵ مارچ سے اس رپورٹ کا مطالعہ کر رہے ہیں۔ یہ ماہرین اس بات کا بھی جائزہ لیں گے کہ کس طرح اسلامی نظام کو عوام کے مسائل کو بہتر طور پر حل کرنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Now minor offences no longer create major problems.

As of March 31st, a new law makes it quicker and easier to deal with minor violations.

What's covered?

[illegible]

How does the new law work?

[illegible]

How is the law for minor offences simpler?

[illegible]

What other responsibilities are mine?

[illegible]



R. Roy McMurtry, Attorney General

William Davis, Premier

Ontario

Provincial Offences Information, Queen's Park, Toronto.

ناقابلِ یقین

سستی ٹکٹیں

تفصیلات کے لئے آج ہی ہم سے رابطہ قائم کریں

IATA

UNIVERSE TRAVEL AGENCY

3316 KEELE STREET — DOWNSVIEW, ONTARIO, CANADA, M3M-2H7

ZAHIR MODI 630-7393

ماہنامہ

MONTHLY AAWAZ

آواز

جلد ۱ | جون ۱۹۸۰ء | شمارہ ۳

زیورات ——— مشرقی حُسن کی ایک اہم ضرورت — ایک پاکستانی بچّی

ساجدہ پروین عرف صائمہ

شاہد نقوی کا پیغام ...

امیر الدین خواجہ کے نام جو نسلی امتیاز کا شکار ہوئے

سنتے ہیں کل اٹھے گئے آدم کے نور عین
کوئی بدن کی جان تو کوئی دلوں کا چین
کوئی سمجھ نے اپنے ہی جھوٹی زیب و زین
آخر کو بد شمار ہوئے ننگ مشرقین

چھوٹی سی بات تھی جسے افسانہ کر دیا
"پکی" کے ایک لفظ نے دیوانہ کر دیا

اے دوست دل میں گرد کدورت نہ چاہیے
اپنے تو کیا بروں سے بھی نفرت نہ چاہیے
کہتا ہے کون پھول سے رغبت نہ چاہیے
کانٹے سے بھی مگر تجھے وحشت نہ چاہیے

کانٹے کی رگ میں بھی ہے لہو سبزہ زار کا
پالا ہوا ہے وہ بھی نسیم بہار کا

ہوتے ہیں پائمال تو کھلتے ہیں زرد پھول
کل رحمت عمیم کا ہم پر بھی تھا نزول
خوبان بوستاں میں ہمارا بھی تھا شمول
اے راہ رو نہ ڈال ہمارے سروں پہ دھول

ہر چند انجمن سے نکالے ہوئے ہیں ہم
لیکن صبا کے گود کے پالے ہوئے ہیں ہم

کہتا ہوں پھر کہ دل میں کدورت نہ چاہیے
وحدت کے سر پہ ضربت کثرت نہ چاہیے
خلق اکائی میں عداوت نہ چاہیے
غیرت و شر و عصبیت نہ چاہیے

آفاق ایک جسم ہے اور ایک ذات ہے
اے دوست وہم غیر جہالت کی بات ہے

ہے جان و جاندار کی بنیاد ایک ہے
ارض و سما کی علت ایجاد ایک ہے
بت سیکڑوں ہیں حسن خداداد ایک ہے
سب دل الگ الگ ہیں مگر یاد ایک ہے

یکساں ہے مال گو ہیں دکانیں جدا جدا
معنی ہیں سب کے ایک زبانیں جدا جدا

بے شک جو بخشا ہے دھڑکتے دلوں کو چین
اس کا وجود بزم جہاں کی ہے زیب و زین
لیکن وہ بد شمار جو ہے ننگ مشرقین
وہ شخص بھی ہے آدم و حوا کا نور عین

نفرت سے یوں نہ چاک وفا کا لباس کر
اے بھائی اپنے باپ کے بیٹے کا پاس کر

لا ہوتے جو نہ روح زمیں کو ابھار کر
نوع بشر کو دعوت حق دے پکار کر
بہتر ہے کوئی تو کوشش اصلاح کار کر
کچھ ہاتھ آسکے گا نہ انساں کو مار کر

نفس مریض کو در خود لطف و عطا نہ کر
اے چارہ گر مریض پہ لیکن جفا نہ کر

ہاں رحمت وسیع بن اے رحمت مآب
حسن عمل سے کھول دلوں کی طرب کے باب
سیراب کر دلوں کو باندازۂ سحاب
عالم پہ نور پاشی ہو مانند ماہتاب

انساں کو نہ دیدۂ جور و جفا سے دیکھ
اے بندۂ خدا تو نگاہ خدا سے دیکھ

انساں کے خمیر میں ہے جذبۂ گناہ
معلوم تو طفیل ہے علت پہ کر نگاہ
گمراہ کوئی شخص نہیں ہے خدا گواہ
صید فریب جادہ ہیں گم کردگان راہ

ہر فرد جبر ہائے علل کا غلام ہے
نفرت شریعت بشری میں حرام ہے

قوموں کے درمیان جو ہیں یہ برو کوہسار
یہ قیود ہائے تفرقہ انگیز در شتہ خوار
یہ اختلاف لہجہ و نیرنگی شعار
یہ رنگ و نسل و قوم و عقائد کی گیرودار

ان سب کا میل جوڑ اخوت کو باندھ کر
اترا ہا ہے خون کے رشتوں کو کاٹ کر

اب بھائی ہے کہ بھائی کو پہچانتا نہیں
ہم بھائی بھائی ہیں یہ کوئی جانتا نہیں
اک دوسرے کو دوست بھی گردانتا نہیں
سب ایک گھر کے ہیں کوئی مانتا نہیں

ارباب آشتی ہمہ تن جنگ ہو گئے
ہم جس قدر وسیع ہوئے تنگ ہو گئے

اسمائے نطق و سیرت و اشکال و رنگ و بیں
ان سب سے ملت بشری کو غرض نہیں
ہاں غور کر نہ ذہن سے یہ نکتہ مبیں
آتا ہے یہ زباں پہ میری "میں" جو ہمنشیں

یہ "میں" نہیں تو اہل عالم جسم سے ہو گئے
یہ "میں" تو ہے نظام دو عالم لیے ہوئے

منزل ہے تیری داوری گلگشت و چمن سے دور
صحرا و سبزہ زار و سراب و دمن سے دور
پا پا و شیخ و راہبر و برہمن سے دور
دین و رسوم و نسل و زبان و وطن سے دور

تیرا وجود فخر ضمیر حیات ہے
تو صرف ایک فرد نہیں کائنات ہے

اے دوست صلح امن سے ہو شاد و بامراد
انساں کے دماغ کا سرطان ہے عناد
روح بشر کی موت ہے خونخوار و فساد
اپنے غضب سے جنگ ہے سب سے بڑا جہاد

دکھوں میں ہے نظم کو دو [illegible] گردہ
جو مسکرا کے شیشے میں ہے [illegible]

تو ہے میں ڈوبی ہے نگاہ وفا شعار
آندھی کو باندھتا ہے لگاوٹ کا ایک تار
توپوں کو روندتی ہے اک آہنگ مہر بار
پتھر میں تیرتی ہے محبت کی نرم دھار

دشمن کی سمت ایک ذرا مسکرا کے دیکھ
اس حربۂ لطیف کو بھی آزما کے دیکھ

قاتل بھی ہو رہا ہو اگر پیاس سے نڈھال
پانی اسے پلا کہ یہی ہے رہ کمال
دشمن بھی گر رہا ہو تو ہاں دوڑ کر سنبھال
تو کے بھی کوئی منہ پہ تو ماتھے پہ بل نہ ڈال

دل کی سپر پہ خنجر کا ہر وار [illegible]
تار نگاہ لطف پہ تلوار [illegible]

جھکتا ہے فتنہ عفو ترحم کے سامنے
گھٹتا ہے قہر حسن تکلم کے سامنے
تھمتا ہے شور جنگ ترنم کے سامنے
تلوار کانپتی ہے تبسم کے سامنے

بدلے کی رسم دین وفا میں حرام ہے
احسان اک شریف ترین انتقام ہے

طاقت عطا ہو صبر کی خواجہ امیر کو
ہمت عطا ہو جلد اس عبد حقیر کو
تو معاف کر گناہ کبیرہ صغیر کو
تم ہے تو جہاں کے غریب و امیر کو

شاہد اسے شفا ہو کہ ہے قوم کی دعا
یارب مجھے عطا ہو جو ہے میرا مدعا

شاہد نقوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماہنامہ

آواز

(سکاربرو (کینیڈا))

پبلشر و ایڈیٹر: سہیل اختر

معاون: حسنین اختر

اپنا تو کام ہے کہ جلاتے چلو چراغ
رستے میں خواہ دوست کہ دشمن کا گھر ملے

کسی نے زبان سے پوچھا "اے زبان تیرے اوپر نیچے بتیس نوکیلے ہتھیار ہیں، پھر بھی تو زخمی نہیں ہوتی آخر اس کی کیا وجہ ہے؟" زبان نے جواب دیا "اس کی وجہ ہے میری نرمی" ـــــ جیسے گھوڑے کا چکر، بھیڑ کی ٹکر اور عورت کا مکر مشہور ہے اسی طرح یہ بات بھی عام ہے کہ "انسان صورت سے جانا اور زبان سے پہچانا جاتا ہے۔

زبان کی کئی قسمیں ہیں جو اپنی صفات کی بنا پر جانی پہچانی جاتی ہیں۔ مثلاً زبان کی نرمی، بدزبان، پھوہڑ زبان، لمبی زبان، گونگی زبان، شیریں زبان، تیکھی زبان، پیاری زبان، انسانی زبان، حیوانی زبان، شیطانی زبان، روحانی زبان، رومانی زبان اور جو آپ سمجھ نہ سکیں وہ کہلاتی ہے انجانی زبان۔

زبان کی وجہ سے نہ جانے کتنی وجوہ ہیں آنچ زبان نے حکومتوں کا تختہ الٹا، زبان ہی دشمن بناتی ہے، زبان ہی محبت کرنا سکھاتی ہے۔ زبان ہی کی وجہ سے انسان شہرت کی بلندی پر پہنچتا ہے اور زبان ہی کی وجہ سے انسان ذلیل و خوار ہوتا ہے۔ زبان ہی کلمۂ حق ادا کرتی ہے اور زبان ہی نازیبا کلمات ادا کر کے اپنے شجرۂ نسب کا اظہار کرتی ہے۔

آپ اپنے منہ کی زبان استعمال کریں یا دل کی زبان، قلم کی زبان استعمال کریں یا نظر کی زبان صرف ایک لمحہ کیلئے سوچیں کہ آپ کی زبان کا کسی کو پاس ہے بھی کہ نہیں ہے...... ورنہ آپ کی زبان کسی کی سمجھ میں نہیں آئے گی... پھر انجانی زبان کا کیا پاس ہوتا ہے۔

مدیر کے نام ایک خط

گھٹ گئے انسان

بڑھ گئے سائے

محترم سہیل اختر صاحب

السلام علیکم

ایک کرم فرما نے کسی مقامی اردو اخبار میں شائع ہونے والے ایک تنقیدی مضمون کی طرف راقم الحروف کی توجہ مبذول کرائی ہے۔ مضمون پُر شکوہ بھی ہے اور پُر شکم بھی۔ پُر شکوہ اس لئے کہ ابتداء ہی میں ہنگامی کا رونا رویا گیا ہے۔ پُر شکم اس لئے کہ صاحبِ مضمون نے گلوں اور شکایات کے علاوہ اپنے مضمون میں "گوشت" کا ذکر (غالباً اپنے اشتہائے لحم کی تسکین کی خاطر) خوب پیٹ بھر کر کیا ہے۔ مشہور ہے کہ صاحبِ مضمون اپنے افسانہ پڑھنے میں بھی جو کہتے ہیں بغیر کسی لپٹی رکھے صاف صاف (کھل کر) کہتے ہیں۔ چنانچہ مضمون مذکورہ میں انہوں نے ذاتیات سے بالاتر ہو کر اپنے روایتی انداز میں انشا پردازی کے جوہر کچھ اس انداز میں بکھیرے ہیں کہ قاری متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اگر وہ اپنے آپے (غصہ) سے باہر ہو جائیں تو اس سے بھی زیادہ غضبناک اور عبرتناک مضمون تحریر فرما سکتے ہیں اور یہ کہ اس فن میں وہ اپنا ثانی نہیں رکھتے۔

مضمون مذکور میں موصوف نے خطۂ لاہور کے ایک واقعہ کا ذکر کیا ہے۔ اس خطۂ زمین سے جس خطہ کی اس روئے زمین پر مثال نہیں ملتی۔ رنگ اور حکایت بھی وابستہ ہے۔ دروغ برگردنِ راوی سنا ہے کہ اس خطۂ زمین پر کسی زمانے میں ایک ایسا مہاراجہ بھی حکمران تھا جو ایک آنکھ کی بینائی سے محروم تھا۔ ایک روز چڑھتے دن اس نے ایک درباری کو یہ حکم صادر فرمایا کہ وہ مہاراجہ کو زیرِ لب کرنے سے قبل ہنسا دے ورنہ مہاراجہ اس کا سر قلم کرا دیگا۔ درباری کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ اسے بخوبی علم تھا کہ مہاراجہ قول و فعل کا پکا ہے۔ چنانچہ جتنے لطیفے لطائف اسے یاد تھے سب سنا دیئے مگر مہاراجہ کی رگ ظرافت نہ پھڑکی۔ درباری کا گلا رندھ گیا اسے اپنی موت سامنے ناچتی نظر آ رہی تھی۔ اس کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا گیا۔ جب دو چار سانس حیات باقی رہ گئیں تو وہ بھی تنگ آ گیا۔ زندگی تو ختم ہوتی نظر آ ہی رہی تھی۔ مہاراجہ سے یہ کہہ کر چلتا ہوا کہ "جاؤ کانے نہیں ہنستا تو نہ ہنس" مہاراجہ بے اختیار ہنس پڑا اور اسے مالا مال کر دیا۔

شومئی قسمت سے راقم کی ابھی صاحبِ مضمون مذکور سے کچھ یاد اللہ ہے۔ موصوف "پیغام" ۱۴ مئی ۱۹۹۲ء کی اشاعت میں اپنے نام راقم کے ایک ذاتی خط کے حوالے سے اپنے ایک مضمون کی ابتداء اس طرح کرتے ہیں "جناب انور شیخ کا اس خط نے مجھے مجبور کیا ہے کہ میں دلوں میں موجودہ رنج و غم کی تہوں کو اپنے دامنِ احساس میں سمیٹنے کی کوشش کروں ورنہ میں نے اس حقیقت سے سمجھوتہ کر لیا ہوا تھا کہ ملک کے اندر اور ملک کے باہر بیٹھے [illegible] کا ایک ایسا ٹولہ موجود ہے جو [illegible] اغراض و مقاصد کے لئے ہی شور مچاتے [illegible] ایسا لگتا ہے کہ کروڑوں ابلتے اور کھولتے انسانوں کی چیخ و پکار بھی انہیں متاثر نہیں کر پاتی......"

اس مناسبت سے یہ امید کی جا سکتی ہے کہ موصوف کا یہ لکھا ہوا اپنے زرین خیالات سے قارئینِ اردو ادب کو مستفید کرتے رہیں گے۔ سنا بھی ہو گیا ہے کہ قلم تلوار سے زیادہ طاقتور ہے۔

کہ بس قلم رکھ ہاتھ سے [illegible] کاہے کے چاہنے والوں [illegible] امید ہے آپ بخیریت ہونگے۔

خیر اندیش

انور شیخ مبلغ

نوٹ: آپ کی دلچسپی کیلئے مضمون کی ایک کاپی بھی اس خط کے ساتھ منسلک ہے۔

INDIAN GROCERIES AND SPICES

1975 LAWRENCE AVE. EAST
SCARBOROUGH, ONTARIO, CANADA.
(416) 782-7157

724 WILSON AVENUE
DOWNSVIEW, ONTARIO, CANADA
(416) 630-4335

HEAD OFFICE
4807 WAST NORTH AVENUE
MILWAUKEE, WISCONSIN 53208
USA (414) 871-2070

WHOLESALE RETAIL MAILORDER

Long Grain White Rice	
25 lbs.	$ 8.50
100 lbs.	33.00
Parboiled Long Grain Rice	
25 lbs.	10.10
100 lbs.	39.00
OILS	
Corn Oil 16 kg	$29.99
Peanut Oil 16 kg	29.99
Sunflower Oil 20 kg	31.99
FLOUR	
Robin Hood Flour 10 kg	$ 3.99
Whole Wheat Flour 10 kg	4.25
40 kg	15.25
Durum Wheat Flour 12 kg	6.49
Stone Ground 40 kg	19.49
BASMATI RICE:	
50¢ per pound (only in 25 lb. package)	$12.50/25 lb.
PICKLES	
King Pickles (except Gunda & Sweet Pickles) bottle	$ 1.49/
Achar Pachranga	$ 1.69/tin
MISCELLANEOUS	
Besan	$3.99/2 kg
Rohn	$3.75/5 lb.
.79¢/lb. (minimum five pound package)	

SALE PERIOD - APRIL 1 TO MAY 30 NO RAIN CHECKS ON ANY ITEM

MANAGEMENT RESERVES TO TERMINATE SALE AT ANY TIME OR LIMIT THE QUANTITY

گروسری، تازہ سبزیاں اور ہر قسم کے مصالحہ جات
نہایت ہی سستے داموں پر خریدنے کیلئے
ہمارے ہاں تشریف لائیں

PIRRI'S Maryland MARKET
VEGETABLES — FLOWERS
LÉGUMES — FLEURS

Retail: 1108 Pharmacy Ave. (at Lawrence) Scarborough, Phone: 759-4473

Wholesale: 1952 Birchmount Rd. (1 block N. of Eglinton Ave.), Scarborough, Phone: 759-5214

اتنی سی بات

مدیر محترم! آداب

یہ "آپ کی آواز" کا جادو ہے جس نے مجھے لکھنے پر مجبور کیا۔ عرصہ ہوا "پیغام" صبر کیلئے لکھا تھا۔ طویل غیر حاضری کے بعد آج "اتنی سی بات" لیکر حاضر ہو رہی ہوں۔ وہ شمارہ جس میں انور شیخ صاحب کا افسانہ "ٹونی براؤن" شائع ہوا تھا، اگر آپ کے پاس ہو تو بھیج دیں، نوازش ہوگی۔ آصف مرزا کی شدت سے کمی محسوس ہو رہی ہے، کہاں ہیں وہ آجکل۔

فقط

فردوس حیدر

ٹورانٹو، اونٹاریو

قاسم نے فائلوں کے ڈھیر سے نگاہ اٹھا کر دیکھا تو دیوار سے لگے ہوئے گھڑیال نے پانچ بجائے۔ آج اس کا ارادہ جلدی گھر جانے کا تھا۔ دو دن سے وہ رات کے بارہ بجے کے بعد گھر جاتا رہا تھا جس کی وجہ سے شہلا ناراض تھی۔ "آج اسے فلم دکھانے لے جاؤں گا" اس نے سوچا اور مسکرا دیا۔ اسے معلوم تھا شہلا کتنی ہی ناراضگی کا اظہار کرے فلم کے نام پر چہک اٹھتی ہے۔ وہ اپنا بریف کیس اٹھاتا ہوا تیزی سے دروازے کی طرف بڑھا --- مگر دروازے میں وجاہت پر نظر پڑتے ہی وہ ٹھٹک گیا۔ "وجاہت آج میں تمہارا ساتھ نہیں دے سکوں گا۔" وہ ملتجی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے بولا --- "نو ممبر....." وجاہت کی آنکھیں انگاروں کی طرح دہک رہی تھیں اور زبان لڑکھڑا رہی تھی --- وہ اپنا جملہ پورا کئے بغیر اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہو گیا۔

قاسم کو ایسا محسوس ہوا جیسے وہ اس کے بوجھ تلے دب کر رہ گیا ہے۔ اس کے احسانات کا بوجھ۔ اس کی مراعات و التفات ایک ایک کر کے ذہن میں اضافہ کرنے لگیں۔

وجاہت اس کا خالہ زاد بھائی، اس کا ہم عمر اس کا [illegible] میں کم لیکن اس کا باس تھا۔

"اتنی سی بات پر فکرمند ہو رہے ہو" وجاہت نے اس کا کندھا ہلا کر کہا۔



فردوس حیدر

"ہوں....." وہ واقعی فکرمند ہو گیا۔

جب سے وہ شہلا کو لیکر ٹورانٹو آیا تھا ان کی شادی شدہ زندگی میں جیسے دراڑ پڑ گئی تھی۔ وہ اتنے بڑے بارونق شہر میں تنہائی کا رونا روتی تھی۔ پانچ بجے کے بعد تیار ہو کر اس کی منتظر رہتی اور گھومنے پھرنے کے کئی پروگرام بنا ڈالتی وہ دیر سے گھر پہنچتا تو منہ پھلا لیتی بات نہیں کرتی۔ وہ شہلا کو بے حد چاہتا تھا۔ اس کی ناراضگی و خفگی سے وہ پریشان ہوتا مگر وجاہت کا لحاظ بھی اپنی جگہ تھا۔

وہ وجاہت کی فرم میں معمولی ملازم نہ تھا بلکہ منیجر تھا۔ اس کے علاوہ وجاہت نے رہنے کے لئے مکان کو خرید کر دیا تھا اور عنقریب اسے بزنس پارٹنر بنانے والا تھا۔

"**عورت** کو خوش کرنا کونسا مشکل کام ہے۔" وجاہت نے رازداری سے کہا۔ "گھر جاتے ہی جوتوں کے سامنے تحفے رکھ دینا اس کا منہ بند ہو جائے گا۔" وجاہت نے اس کا کندھا زور سے دبایا۔

بات کچھ کچھ سمجھ میں آنے لگی۔

"چلو آج بازار سے دو چار قیمتی ساڑھیاں خرید لو۔" وجاہت آنکھ دبا کر مسکرایا۔

رات کو جب وہ گھر پہنچا تو شہلا جائے نماز پر بیٹھی دونوں ہاتھ پھیلا کر دعا مانگ رہی تھی۔ کھڑکی کا پردہ کھسکا ہوا تھا وہ یوں کو دیکھتے ہی پریشان ہو گیا۔ "یا اللہ میرے شوہر کا پیار لوٹا دے۔" شہلا کی بھرائی ہوئی آواز آئی۔ اس نے ایک نظر ہاتھوں میں پکڑے ہوئے ساڑھیوں کے پیکٹ کو دیکھا اور آہستہ سے دروازہ کھٹکھٹایا۔ شہلا نے دروازہ کھولا تو ایک چبھتی ہوئی نظر اس پر ڈالی اور ساڑھیوں کے پیکٹوں کو اس کی طرف بڑھا دیا۔

"یہ وقت کا اندازہ ہے" وہ شرمندہ ہو کر بولا۔

"وقت کا اندازہ نہیں احساس ہونا ضروری ہے۔" وہ تلخی سے بولی۔

"وجاہت بھائی کے ساتھ جانا پڑا۔" اس نے دھیمی آواز میں کہا۔

"جواز پیش کرنے کی ضرورت نہیں میں صرف اتنا جانتی ہوں کہ اتنے بڑے شہر میں اپنے تنہا چھوڑ دیا گیا ہے۔ میں آپ کے پیار، آپ کی رفاقت اور آپ کی توجہ سے محروم کر دی گئی ہوں۔ کاش میں کینیڈا نہ آتی۔" شہلا نے آنسو پونچھتے ہوئے کہا۔

"یہ تم نے کیسے سمجھ لیا کہ میں تم سے پیار نہیں کرتا۔ دیکھو میں تمہارے لئے کیا لایا ہوں۔" اس نے پیکٹ کھول کر ساڑھیاں پھیلا دیں۔ اور داد طلب نظروں سے شہلا کی طرف دیکھا۔ لیکن شہلا کے چہرے پر وہی ناگواری کے آثار تھے۔

"آپ کو تو یہ بھی یاد نہیں کہ آج آپ کے ابا کی برسی تھی۔" شہلا نے آہستہ سے کہا اور کھیر کی پلیٹ اس کے سامنے کر دی۔ "میں نے آج ان کے نام کا ختم دلایا ہے۔ میٹھے میں ان کو کھیر پسند تھی اس لئے خاص طور پر روح کیوڑا ڈال کر خود تیار کی انہیں یہ خوشبو بے حد پسند تھی ضرور ان کی روح خوش ہوئی ہوگی۔ آپ بھی اس نیک کام میں شامل ہوتے تو ان کی روح اور بھی خوش ہوتی۔" شہلا نے ایک ہی سانس میں کہہ دیا اور دوسرے کمرے میں چلی گئی۔

"آج کیوں میں اپنے والد کی برسی بھول گیا تھا، پہلے تو کبھی ایسا نہ ہوا تھا۔ کیا میں اپنے ماضی کو فراموش کرنا چاہتا ہوں؟" اس نے سوچا اور اسے وہ دن یاد آ گیا جب والد بستر مرگ پر تھے۔ انہوں نے حسرت بھری نظروں سے وجاہت سے کہا تھا "میں اپنے بیٹے کو کلرک نہیں بنانا چاہتا ہوں۔"

"خالو جان! قاسم میرا بھائی ہے اسے میں بزنس پارٹنر بناؤں گا۔" وجاہت نے یقین دلایا تو زندگی میں پہلی اور آخری بار ان کی آنکھوں میں چمک پیدا ہوئی۔ اور دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے وہ اپنے بیٹے کے مستقبل سے مطمئن ہو گئے تھے۔

"میں آج وجہ بھائی کے ساتھ ینگ سٹریٹ گیا تھا۔" اس نے بلند آواز میں کہا جیسے اس کے والد سامنے بیٹھے ہوں اور وہ اپنے دیر سے آنے کا سبب بتا کر انہیں خوش کرنا چاہتا ہو۔

"ینگ سٹریٹ....... ایک رومانی نام --- رومانی جگہ --- رومانی ماحول۔" وہ سوچ کر مسکرا دیا۔ ایک ایک کر کے خوبصورت چہرے اس کے سامنے آنے لگے۔ مارجی..... چھریرے بدن کی کینیڈین لڑکی جو ہل بلف کے ڈسکو فلور پر خود اس کے ساتھ ڈانس کرنے کی استدعا کرتے ہوئے جس انداز سے خوبصورت ہاتھ اس کی طرف بڑھا دیتی ہے کہ وہ گھبرا گیا تھا۔

اور جب ہوش میں آیا تو شہلا کو بھول چکا تھا۔

"زندگی کا اس موڑ سے بھی وجاہت نے روشناس کرایا تھا اور پہلے چھوٹے چھوٹے وہ جاتی کی تو ایک جیب دیا تھا" وہ مسکرا کر سوچنے لگا۔ اپنے خیالوں سے اپنا کوہ روح کو مطمئن کرکے اس نے شہلا کو آواز دی۔ ماحول کے منظر دو پیچھے کی بکل آئی۔

مرجھایا ہے شہلا اس کے سامنے آ کھڑی ہوئی۔ وہ مارجی اور شہلا کا موازنہ کرنے لگا۔ ایک شوخ و شنگ زندگی سے بھرپور اور دوسری بچی بچی سی زندگی سے عاری۔ آج سے پہلے کبھی اسے شہلا پر غصہ نہیں آیا تھا۔ اس کا جی چاہا شہلا اس کی طرف خوش نظروں سے دیکھتی ہوئی مسکرائے۔

"آئندہ جب میں گھر آؤں تو مجھے تمہاری روتی ہوئی صورت نظر نہ آئے۔" اس نے غصے میں کہا۔ شہلا نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

"شاید وجاہت بھائی نے کبھی وجہ جاننی ہو دیر سے آنے کی شکایت نہیں کی۔" وہ چیخا۔

"آپ میرا مقابلہ شاید مارجی سے کر رہے ہیں؟" شہلا کی آواز جیسے حلق میں اٹک کے رہ گئی --- اور آنکھوں سے بے اختیار آنسو بہہ نکلے۔

"کیوں کیا وہ عورت نہیں ہے؟ تم سے زیادہ خوبصورت ہے، سمارٹ ہے سوشل ہے۔"

"بس بس مزید کچھ نہ کہیے آپ کو اتنی سی بات بھی سمجھ میں نہیں آتی تو......."

شہلا ادھورا جملہ چھوڑ کر پھر دوسرے کمرے میں چلی گئی --- پھر سے سسکیوں کی آواز آ رہی تھی۔ اور وہ بیٹھا سوچتا رہا کہ ٹورانٹو جیسے خوبصورت شہر میں آ کے بھی شہلا خوش نہیں ہے تو وہ ضرور احساس کمتری کا شکار ہے۔ جس کا اس کے پاس کوئی علاج نہیں ہے۔

آج پھر وجاہت اور قاسم ہوٹل ہل بلف کے ڈسکو فلور پر جام چھلکا رہے تھے کچھ دیر بعد وجاہت اپنی گرل فرینڈ کے ساتھ کہیں چلا گیا۔ قاسم کی نظر مارجی کو تلاش کرتے کرتے تھک گئیں۔ وہ لڑکھڑاتے قدم کے ساتھ وہ مارجی کے گھر کی طرف چل پڑا۔

"مارجی تو گھر پر نہیں ہے اتنا اداس... بات وہ باہر ہی گزارتی ہے۔" ایک ضعیف عورت نے قاسم کو غور سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"ہاں! اتنا ہے اگر چاہو تو کمرہ میں جا سکتے ہو" ضعیف عورت نے کمرہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

وہ جلدی سے دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گیا۔ کمرے کی تیز روشنی میں یکبارگی اس کی آنکھیں چندھیا گئیں۔ اس نے آنکھیں ملتے ہوئے اپنے سامنے دیکھا اور دیکھتا رہ گیا۔ **بقیہ اگلے صفحہ پر**

ایک چراغ اور بجھا

بیگم راحیلہ شیخ پرواز
ٹورانٹو، انٹاریو

"یہ ریڈیو پاکستان ہے۔" آج سے تقریباً ۴۲ برس پہلے اگست ۱۹۴۷ء میں ریڈیو پاکستان سے یہ شیریں آواز گونجی۔ یہ آواز جو کہ قیام پاکستان کے وجود کا ثبوت تھی۔ ۱۶ کروڑ سامعین نے سنی اور اس کے بعد کئی برس تک یہ خوش بیان اناؤنسر اپنی آواز سے قوم کی خدمت کرتا رہا۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں شاندار اناؤنسمنٹ، پھر ریڈیو سے ٹی۔وی کا سفر اور پھر ریٹائرمنٹ اور پھر یہ ایسا سفر جو کہ سفر آخرت۔

یہ تھے مصطفیٰ علی ہمدانی جو ۲۰ اپریل ۱۹۸۹ء کو بمقام لاہور حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اس فانی دنیا میں ہر روز ہزاروں لوگ پیدا ہوتے ہیں اور ہزاروں مرتے ہیں لیکن چند ایک ایسے بھی ہوتے ہیں جو زندگی میں کچھ ایسے کام کر جاتے ہیں جو ان کا نام روشن رکھتے ہیں۔ انہی چند ہستیوں میں جناب ہمدانی صاحب کا نام سر فہرست ہے۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

ہمدانی صاحب نے اپنی ملازمت کا آغاز آل انڈیا ریڈیو سے کیا اور اس کے بعد قیام پاکستان کا اعلان کر کے پاکستان کے پہلے اناؤنسر ہونے کا شرف پایا۔ کئی سالوں کی خدمت گزاری کے بعد ۱۹۶۵ء کی جنگ میں شاندار اناؤنسمنٹ کرنے پر تمغۂ امتیاز بھی حاصل کیا۔ بعد میں ٹیلی ویژن پر بھی آئے اور پھر ریٹائرمنٹ کے بعد بھی کسی نہ کسی طرح سے ریڈیو سے ناطہ جوڑے رکھا۔ ہمدانی صاحب کی ساری زندگی جدوجہد اور محنت میں گزر گئی۔

خیالات کے ہجوم میں ایک پیکر ابھرتا ہے۔ لمبا قد، سفید رنگت، خوبصورت نقوش، سادہ مکان، باوجیہ شخصیت۔ مجھے ان کے پڑوس میں رہنے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ ہمارے گھرانوں کے آپس میں بہت اچھے تعلقات تھے۔ ان کی ایک بیٹی میری بچپن کی سہیلی ہے۔ اسی ناطے ہمدانی صاحب کی عادات و اطوار کو اچھی طرح دیکھنے کا موقع ملا۔ ہمدانی صاحب نہایت شفیق باپ اور ہمدرد انسان تھے۔ بچوں کے ساتھ بہت شفقت سے پیش آتے۔ طبیعت میں مزاح تھا۔ مجھے یاد ہے کالج کے زمانے میں میری دو سہیلیاں جو ہمدانی صاحب کی آواز کی پرستار تھیں ان کو دیکھنے کے شوق میں میرے ساتھ آگئیں۔ ہم ان کے ہمراہ ہمدانی صاحب کے گھر گئے تو مزاح کا یہ عالم تھا کہ بہت سی باتیں کرتے رہے ... کہ یہ وہی آواز ہے جس کی وہ پرستار ہیں۔

آج ان کے انتقال کی خبر سن کر از حد صدمہ ہوا ہے۔ موت چونکہ ایک اٹل امر ہے اور ہر ذی نفس جو اس دنیا میں آیا ہے اسے موت کا مزہ چکھنا ہے لیکن پھر بھی اپنوں کی موت دل پر گہرا اثر کرتی ہے۔ خاص طور پر وطن سے دور ایسی خبر کسی قیامت سے کم نہیں۔ بہرحال اللہ تعالیٰ کے کاموں میں کون دخل دے سکتا ہے۔ اتنے نامور لوگ خاک میں مل گئے لیکن اپنے کارنامے اس دنیا میں چھوڑ گئے ہیں۔

مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم
تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کیے

ہمدانی صاحب اس دنیا سے چلے گئے لیکن ان کا نام ہمیشہ ریڈیو کے ناطے تاریخ کی زینت رہے گا۔ مرحوم نے اپنے سوگواروں میں اہلیہ صاحبہ کے علاوہ ۲ لڑکے اور ۵ لڑکیاں چھوڑی ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین

نسل فساد اور ہمارے لیڈر

سلیم ظفر

گزشتہ دنوں ہمارے شہر میں ایک پرانا جانا پہچانا واقعہ پھر پیش آیا۔ یہ واقعہ جسے ہم نسلی فساد کہتے ہیں پہلے بھی کئی دفعہ مختلف لوگوں کے ساتھ پیش آ چکا ہے لیکن اس دفعہ نفرت کا نشانہ ایک پاکستانی گھرانے کو بنایا گیا۔ اسپرے پینٹ سے ... اور معصوم بچوں پر قاتلانہ حملہ کیا گیا ... قانون کا دروازہ کھٹکھٹایا گیا۔ حکومت نے تحفظ کا

(بقیہ اگلے صفحہ پر)

ادھورا خط

انور شیخ
ہملٹن، انٹاریو

بارش کیا تھی جیسے ساون بھادوں کی جھڑی جو کہ رکنے کا نام ہی نہ لیتی تھی۔ میری کار کے وائپرز (WIPERS) بڑی تیزی سے چل رہے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کوئی بالٹیاں بھر بھر پانی کار کے شیشے پر انڈیل رہا ہو۔ عمران کے ہاں پہنچنے کی جتنی جلدی تھی اتنی ہی دیر ہوا جا رہی تھی۔ میں اسی گھبراہٹ اور الجھن میں شاید غلط راستہ پر ہو لیا۔ ڈاؤن ٹاؤن کے قریب پہنچ کر میں نے کار ایک نکڑ پر کھڑی کی اور عمران کو فون کرنے کی غرض سے پلازہ میں داخل ہوا۔ خلاف معمول پورا ہال خالی پڑا تھا۔ کچھ دکانیں بند اور کچھ کھلی تھیں۔ جلدی جلدی فون تک پہنچا اور عمران کا نمبر گھمایا۔ ایسا لگا جیسے وہ میرے ہی انتظار میں فون سے لگا کھڑا تھا۔ میں نے اسے صورت حال سے آگاہ کیا اور ڈاؤن ٹاؤن سے اس کے گھر کا راستہ سمجھنے کی کوشش کی۔ عمران سے گفتگو کے دوران میری نظر ٹیلیفون بکس پر پڑی جہاں ایک نیلے رنگ کا لفافہ پڑا تھا جسے میں نے فون بند کر کے اٹھا کر دیکھا۔ خط سرفراز رفیقی روڈ لاہور چھاؤنی میں کسی کرنل اشفاق کے نام تھا۔ لفافہ پر بھیجنے والے کا نام و پتہ درج نہ تھا۔ میں نے ایک بار پھر ادھر ادھر نظر دوڑائی تو ہال اسی طرح سونا سونا نظر آیا۔ لفافہ کھلا تھا اور اس میں پڑا خط بڑی خستہ انگریزی میں لکھا ہوا تھا جس کی عبارت کچھ اس طرح سے تھی۔

"ڈیر ڈیڈی السلام علیکم

رات پھر وہ بڑی دیر سے گھر آئے۔ میرے کچھ پوچھنے پر زور زور سے چلانا شروع کر دیا۔ اور پھر مجھے اس قدر مارا کہ میرا بازو سوج گیا۔ ساری رات میں آپ کو یاد کر کے روتی رہی۔ جی چاہتا ہے کہ پر لگ جائیں اور میں اور بیبا (BABA) اڑ کر آپ تک پہنچ جائیں اور پھر میں آپ کے گلے لگ کر اتنا روؤں کہ کل عالم کی دکھی بیٹیوں کے سارے دکھ ان آنسوؤں میں بہہ جائیں۔ اگلے ہفتہ بیبا کی پہلی سالگرہ ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ کم از کم اس دن تو کوئی اس معصوم کے سر پر دست شفقت رکھے اور مجھ بدنصیب کا دامن بھی خوشیوں سے بھر دے......"

خط ادھورا تھا جیسے کوئی لکھتے لکھتے اچانک رک گیا ہو۔ خط پر لکھنے والی کا نام و پتہ بھی درج نہ تھا۔ میری سمجھ میں کچھ نہ آیا کہ کیا کروں۔ عمران کے یہاں پہنچنے کی جلدی تھی چنانچہ خط جیب میں ڈال فوراً وہاں سے روانہ ہو گیا۔ پہلا دن عمران کے ہاں گزار کر جب میں واپس گھر جا رہا تھا تو اس وقت بھی یہ ادھورا خط میرے ذہن پر مسلط تھا۔

